SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبر XX مجریہ 2016
# SINDH ACT NO.XX OF 2016
# سندھ بانڈیڈ لیبر سسٹم (خاتمہ) ایکٹ، ۲۰۱۵
# THE SINDH BONDED LABOUR SYSTEM (ABOLITION) ACT, 2015
## (CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ دوسرے قوانین کو منسوخ کرنے کا ایکٹ
Act to override other laws,etc
۴۔ بانڈیڈ لیبر سسٹم کا خاتمہ
Abolition of bonded labour system
۵۔ معاہدہ، کسٹم، وغیرہ منع ہونگے
Agreement, custom,etc, tobe void
۶۔ بانڈیڈ قرضے کی واپسی کی ذمہ داری ختم ہوجائے گی
Liability to repay bonded debt to stand extinguished
۷۔ بانڈیڈ لیبر کی ملکیت ضبطگی وغیرہ سے آزاد کی جائے گی۔
Property of bonded labour to be freed from mortgage, etc.
۸۔ قرض دینے والا ادائیگی قبل نہیں کرے گا۔
Creditor not to accept payment against extinguished debt
۹۔ اتھارٹیز جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے عمل درآمد کے لیئے بیان کی جائیں گی۔
Authorities who may be specified for implementing the provisions of this Act
۱۰۔ ڈپٹی کمشنر اور اس کو دیئے گئے عملدار
Deputy Commissioners and other officers designated to him
۱۱۔ بانڈیڈ لیبر بانڈیڈ کے لئے سزا
Punishment for enforcement of bonded labour

۱۲۔ بانڈیڈ لیبر سسٹم کے ماتحت بانڈیڈ لیبر کرانے پر سزا
Punishment for extracting bonded labour under the bonded labour system
۱۳۔ بانڈیڈ لیبر کی ملکیت کا قبضہ واپس دلوانے میں ناکامی یا ختم کرنے پر سزا
Punishment for omission or failure to restore possession of property to bonded labourer
۱۴۔ ارتکاب جرم میں اعانت جرم ہوگا۔
Abetment to be an offence
۱۵۔ نگران کمیٹیاں
Vigilance Committees
۱۶۔ جرائم کی مجسٹریٹ سماعت کرے گا۔
Offences to be tried by the Magistrate
۱۷۔ جرائم کا ازالہ
Cognizance of Offences
۱۸۔ کمپنیوں کی طرف سے جرم
Offences by companies
۱۹۔ نسلی امتیاز سے بچائو
Protection against discrimination
۲۰۔ ضمانت
Indemnity
۲۱۔ دائرہ اختیار پر پابندی
Bar of Jurisdiction
۲۲۔ قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

# سندھ ایکٹ نمبر XX مجریہ 2016
# SINDH ACT NO.XX OF 2016
## سندھ بانڈیڈ لیبر سسٹم (خاتمہ) ایکٹ، ۲۰۱۵
## THE SINDH BONDED LABOUR SYSTEM (ABOLITION) ACT, 2015

[۲۸ جون ۲۰۱۶]

تمہید (Preamble)

جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل ۱۱ کی شق (۲) ہر قسم کی جبری مزدوری سے منع کرتی ہے۔ اور جیسا کہ صوبہ سندھ میں فرد طبقے کی معاشی اور جسمانی مشقت کے تحفظ کے لیئے اور اس سے متعلقہ معاملات کے لئے بانڈیڈ لیبر سسٹم کا خاتمہ ضروری ہوگیا ہے۔

مختصر عنوان اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement

۱۔(۱)اس ایکٹ کو سندھ بانڈیڈ لیبر سسٹم (خاتمہ) ایکٹ، ۲۰۱۵ کہا جائیگا۔

(۲) اس کی پورے سندھ میں توثیق کی جائے گی۔

(۳) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔(۱)اس ایکٹ میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے برعکس نہ ہو تب تک:

(a)"ایڈوانس" (پیشگی)" سے مراد ایڈوانس (پیشگی) پھر چاہے وہ نقد رقم یا نقد رقم کا کچھ حصہ یا کچھ حصہ جو ایک شخص کی طرف سے (جسے اس کے بعد کریڈیٹر کہا جائےگا) کسی دوسرے شخص کو(جسے اس کے بعد قرض لینے والا کہا جائیگا) دی جائے گی ؛

(b)"بانڈیڈ قرض"ب سے مراد بانڈیڈ لیبر سسٹم کے تحت بانڈیڈ لیبر کی طرف سے حاصل کیا گیا ایڈوانس (پیشگی) یا جو ایڈوانس (پیشگی) لینے کا سوچا جائے

گا؛
(c)”بانڈیڈ لیبرر“ سے مراد بانڈیڈ لیبر سسٹم کے تحت کوئی مزدوری یا خدمت؛
(d)”بانڈیڈ لیبرر“سے مراد مزدور جو بانڈیڈ قرض حاصل کرتا ہے، کیا ہے، یا کرنے کا سوچا ہے؛
(e)”بانڈیڈ لیبر سسٹم“سے مراد جبری مزدوری نظام) یا عارضی طور جبری مزدوری، جس کے تحت قرض لینے والا داخل ہوتا ہے، داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے، قرض دینے والے سے معاہدے کے ذریعے، جس کے مطابق :
(i)ایڈوانس (پیشگی) کے سلسلے میں جو اس کی طرف سے حاصل کیا گیا ہو یا اس کے کسی خاندان کے فرد کی طرف سے (پھر چاہے ایڈوانس (پیشگی) کا تحریری ثبوت ہو یا نہیں) اور اگر کوئی سود ہو، اس ایڈوانس (پیشگی) پر؛ یا
(ii) کسی بھی مالی مراعات کے لیئے جو اس کی طرف سے یا اس کے خاندان کے کسی بھی رکن کی طرف سے حاصل کی گئی ہو؛ یا
(iii) کسی بھی مالی مراعات کے لیئے جو اس کی طرف سے یا اس کے خاندان کے کسی بھی رکن کی طرف سے حاصل کی گئی ہو؛
(۱) اس کی طرف سے یا اس کے خاندان کے کسی رکن یا اس پر انحصار کرنے والے کسی شخص کی طرف سے قرض دینے والے کو مزدوری یا خدمت فراہم کی جا رہی ہے، قرض دینے والے کے فائدے کے لیئے ، مخصوص عرصے کے لیئے یا غیر معینہ مدت کے لیئے بنا اجرت کے یا مقررہ اجرت کے لیئے؛ یا
(۲)ملازمت کی آزادی ضبط کی جائے گی؛
(۳)ایک جگہ سے دوسری جگہ آزادی کے ساتھ نقل و حرکت کرنے کا حق ضبط کیا جائے گا؛
(۴)مارکیٹ نرخ پر اپنے یا اپنے کسی مزدور یا اس کی ملکیت کے کسی رکن یا اس پر انحصار کرنے والے

کسی شخص کی ملکیت قبضہ کرنے یا بیچنے کا حق ضبط کر سکتا ہے جس میں شامل ہے جبری مزدوری کا نظام، یا عارضی جبری مزدوری جس کے تحت قرض لینے والے کے لیئے ضمانت داخل ہو، یا داخل کی ہے یا داخلہ کا ارادہ کیا ہو، قرض دینے والے سے کسی معاہدے میں کہ جس پر ناکامی ہے، وہ قرض لینے کے بجائے بانڈیڈ لیبر کرے گا۔

(f)"خاندان"سے مراد:

(i) مرد بانڈیڈ مزدور ہونے کی صورت میں، بیوی یا بیویاں، اور عورت بانڈیڈ مزدور ہونے کی صورت میں بانڈیڈ مزدور کا شوہر؛ اور

(ii) والدین، بچے نابالغ بھائی، اور غیر شادی شادہ طلاق یافتہ بیوہ بہنیں جو مکمل طور پر اس پر انحصار کرتے ہوں۔

(g) "حکومت" سے مراد سندھ حکومت؛

(h) "برائے نام اجرتیں " کسی مزدوری کے سلسلے میں، ایک مزدوری جو کم ہے:

(i)برائے نام اجرت جو حکومت کی طرف سے اس قسم کی مزدوری کے لیئے طے کی گئی ہو، عارضی طور پر کسی قانون کے تحت لاگو کی گئی ہو؛اور

(ii)جہاں اجرت کسی قسم کی مزدوری کے لیئے کم میں کم طے نہیں کی گئی ہو، عام طور پر جیسی اس قسم کی مزدوری کے لیئے اجرت وہاں کے مقامی علائقے میں کام کرنے والے مزدورں کو ادا کی جاتی ہو؛اور

(i) "بیان کردہ" سے مراد قواعد کے مطابق بیان کردہ؛

(j) "قواعد" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛

۳۔ اس ایکٹ کی گنجائش پر موثر ہونگی جب تک کچھ وقتی طور پر لاگو کسی دوسرے قانون کے متضاد نہ ہو، یا ایسے کسی قانون کے مقصد کے لیئے کچھ لاگو ہو۔

دوسرے قوانین کو منسوخ کرنے کا ایکٹ
Act to override other laws ,etc

بانڈیڈ لیبر سسٹم کا خاتمہ
Abolition of bonded labour system

معاہدہ، کسٹم، وغیرہ منع ہونگے
Agreement, custom,etc, tobe void

Liability to repay bonded debt to stand extinguished

بانڈیڈ لیبر کی ملکیت ضبطگی وغیرہ سے آزاد کی جائے گی۔
Property of bonded labour to be freed from mortgage, etc.

۴.(1)1اس ایکٹ کے شروع ہونے پر، بانڈیڈ لیبر سسٹم ختم ہو جائے گا اور بانڈیڈ مزدور آزاد ہو جائے گا اور کسی بانڈیڈ لیبر کے تحت دے گئی ذمہ داری سے بھی آزاد ہو جائے گا۔
(۲) کسی بھی شخص کو بانڈیڈ لیبر سسٹم تحت کوئی ایڈوانس نہیں دیا جائے گا یا کسی بانڈیڈ لیبر یا کسی جبری مزدوری کے لیئے مجبور نہیں کیا جائے گا۔
۵.کوئی کسٹم یا روایت یا مشق یا کوئی ٹھیکا، معاہدہ یا کوئی دستاویز پھر چاہے وہ اس میں داخل ہوا ہو یا اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے کیا گیا ہو، جس کے تحت کوئی شخص اس کے خاندان کا کوئی فرد بانڈیڈ لیبر طور پر کوئی کام یا کوئی خدمت کرنے کے لیے طلب کیا گیا وہ غیر موثر اور غور طلب ہوگا۔

۶.(1) اس ایکٹ کے شروع ہونے پر بانڈیڈ مزدور پر بانڈیڈ قرض کی ادائیگی یا دوبارہ ادائیگی یا بانڈیڈ قرض کا کوئی حصہ جو ایسی شروعات سے بیشتر نپٹایا نہ گیا ہو وہ ختم ہوجائے گا۔
(۲) اس ایکٹ کی شروعات کے بعد کوئی بھی مقدمہ یا کوئی دوسری کاروائی کسی سول کورٹ، ٹریبونل یا کسی دوسری اتھارٹی کے سامنے بانڈیڈ قرض یا کسی ایسے حصے کی واپسی نہیں ہوگی۔
(۳)بانڈیڈ قرض کی بازیابی کے لیئے ہر ڈکری یا حکم جاری کیا گیا ہو اور اس شروعات سے پہلے اسے مکمل طور پر نپٹایا نہ گیا ہو، ایسی شروعات پر مکمل طور پر نپٹایا جائے گا۔
(۴)جہاں، اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے، بانڈیڈ مزدور یا اس کے خاندان کے کسی فرد کے قبضے میں کوئی جائیداد قرض دینے والے کی طرف سے کسی بانڈیڈ قرض کی بازیابی کے لیئے زبردستی لئی گئی

ہو، ایسی جائیداد واپس کرائی جائے گی، ایسی شروعات کے نوے دن کے اندر، اس شخص کے قبضے سے جس سے وہ ضبط کی گئی ہو یا لی گئی ہو۔

(۵)اس ایکٹ کےشروع ہونے سے پہلے کسی بانڈیڈ قرض کی بازیابی کے لیئے لگائی گئی ہر اٹیچمنٹ ، ایسی شروعات پر خالی کی جائے گی، اور جہاں ایسی اٹیچمنٹ کے سلسلے میں، بانڈیڈ مزدور کی کوئی منقولہ جائیداد ضبط کی گئی ہو اور اس کی تحویل میں چھینی گئی ہو اور کسی عدالت، ٹربیونل یا دوسری اتھارٹی کی تحویل میں دی گئی ہو، بیچنے کے لیئے زیر التویٰ ہو، ایسی منقولہ جائیداد ایسی شروعات کے نوے دن کے اندر بانڈیڈ مزدور کی تحویل میں واپس دی جائے گی۔

قرض دینے والا ادائیگی قبول نہیں کرے گا۔
Creditor not to accept payment against extinguished debt

بشرطیکہ جہاں کوئی اٹیچ جائیداد اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے بیچی گئی ہو، بانڈیڈ قرض کی واپسی کے لیئے کسی ڈگری یا حکم پر عمل درآمد کے سلسلے میں تو، وہ اس ایکٹ کی کسی گنجائش کو متاثر نہیں کرے گی۔

(٦) ذیلی دفعہ (۵) کے شرطیہ بیان کے مطابق بانڈیڈ مزدور کی طرف سے اس ایکٹ کی شروعات سے پہلے بانڈیڈ قرض کی بازیابی کے لیئے کسی جائیداد کی خرید و فروخت، منقلی یا اسائمنٹ کسی بھی سلسلے میں کی گئی ہو یا جو حق منتقل کیا گیا ہو، یا ایسی جائیداد پر کوئی سود یا امانت ہو، ایسی جائیداد ایسی شروعات کے نوے دن کے اندر بانڈیڈ مزدور کی تحویل میں واپس کی جائے گی۔

اتھارٹیز جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے عمل درآمد کے لیئے بیان کی جائیں گی۔
Authorities who may be specified for implementing the provisions of

(۷) اگر ذیلی دفعہ (۴) یا ذیلی دفعہ (۵) یا ذیلی دفعہ (6) کے تحت کسی جائیداد کا قبضہ اس ایکٹ کی شروعات سے نوے دن کے اندر واپس نہیں کرایا گیا تو متاثر شخص ایسے وقت کے دوران جیسا بیان کیا گیا ہو، بیان کردہ اتھارٹی کو جائیداد کی واپسی کے لیئے اپلائی کر سکتا ہے اور بیان کردہ اتھارٹی، قرض دینے والے کو سننے کا مناسب موقع فراہم کرنے کے بعد

قرض دینے والے کو درخواست گذار کو بیان کردہ جائیداد کا قبضہ ایسے عرصے کے دوراں واپس دینے کی ہدایت کر سکتا ہے جیسا کہ حکم میں بیان کیا گیا ہو۔

(۸) ذیلی دفعہ (۷) کے تحت بیان کردہ اتھارٹی کی طرف سے جار ی کیئے گئے حکم سول کورٹ یا قرض دینے والے کو عارضی رہائش یا جہاں کاروبار یا ذاتی کام کرتا ہو، اس کی مقامی حدود کم سے کم دائرہ اختیار رکھنے والی عدالت کے حکم کے برابر سمجھا جائے گا۔

(۹) جہاں کوئی مقدمہ یا کاروائی بانڈیڈ لیبر سسٹم کے تحت ذمہ داری کے لاگو ہونے پر، بشمول بانڈیڈ مزدور کو دیئے گئے کسی ایڈوانس (پیشگی) کی بازیابی کے لئے کسی مقدمے یا کاروائی کے، اس ایکٹ کے شروع ہونے کے وقت زیر التویٰ ہے تو، ایسا مقدمہ یا کاروائی ایسی شروعات پر ختم ہو جائے گی۔

(۱۰) اس ایکٹ کی شروعات پر،ہر بانڈیڈ مزدور جو کسی ججمینٹ سے پہلے یا بعد میں کسی سول جیل میں قید تھا، اسے ایسی قید سے آزاد کیا جائے گا۔

۷.(1) بانڈیڈ مزدور کے زیر دست تمام جائیدادیں جو اس نے اس ایکٹ کی شروعات سے پیشتر کسی ضبطی، قانونی دعویٰ یا بانڈیڈ قرض کے سلسلے میں، جن پر تکرار ہو، وہ آزاد ہو جائیں گی اور ایسی ضبطگی، چارج، لین، یا کسی دوسری تکرار سے بری الذمہ ہو جائیں گی اور جہاں ایسی کچھ جائیدایں اس ایکٹ کی شروعات سے پیشتر، ضبط کرنے والے یا قانونی دعویٰ یا تکرار رکھنے والے کے قبضے میں تھیں، ایسی جائیداد کے سوا جو کسی دوسرے چارج میں تھیں، ایسی شروعات پر بانڈیڈ مزدور کو واپس کی جائیں گی۔

(۲) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت کسی جائیداد کی بانڈیڈ مزدور کو قبضہ واپس دینے میں دیر کی جا رہی ہے تو اس مزدور کو واپس دینے میں دیر کی جا رہی ہے

this Act

ڈپٹی کمشنر اور اس کو دیئے گئے عملدار
Deputy Commissioners and other officers designated to him

جبری لیبر بانڈیڈ کے لئے سزا
Punishment for enforcement of bonded labour

انڈیڈ لیبر سسٹم کے ماتحت بانڈیڈ لیبر کرانے پر سزا
Punishment for extracting bonded labour under the bonded labour system

بانڈیڈ لیبر کی ملکیت کا قبضہ واپس دلوانے میں ناکامی یا ختم

تو ایسے مزدور کو ایسی شروعات والی تاریخ پر اور اس کے بعد ضبط کرنے والا یا لین، چارج اور تکرار رکھنے والے سے واپس لینے کا حق حاصل ہوگا، ایسے فوائد حاصل کر سکے گا جیسا کہ کم سے کم دائرہ اختیار رکھنے والی سول کورٹ کی طرف سے طے کیا گیا ہو، جس کے دائرہ اختیار میں ایسی جائیداد واقع ہو۔

کرنے پر سزا
Punishment for omission or failure to restore possession of property to bonded labourer

۸-1 کوئی بھی قرض دینے والا کسی بانڈیڈ قرض پر کوئی ادئیگی قبول نہیں کرے گا، جو ختم کیا گیا ہو یا ختم سمجھا جائے گا یا اس ایکٹ کی گنجائش کے تحت مکمل طور پر نپٹایا گیا ہو۔

ابیٹمینٹ جرم ہوگی۔
Abetment to be an offence

(۲) جو کوئی بھی ذیلی دفعہ (1) کی گنجائش کی خلاف ورزی کرے گا، وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا، تین سالوں تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو پچیس ہزار سے کم نہ ہوگا یا دونوں ساتھ۔

(۳) کورٹ ذیلی دفعہ (۲) کے تحت زیر الزام کسی شخص پر، اضافی طور پر اس ذیلی دفعہ کے تحت جرمانہ عائد کر سکتی ہے، اس شخص کو وقت پر جمع کرانے کی ہدایت کر سکتی ہے، ذیلی دفعہ (1) کی گنجائش کی خلاف ورزی پر اس عرصے کے دوراں وصول کر سکتی ہے جیسا کہ حکم میں بیان کیا گیا ہو، جو بانڈیڈ مزدور کو واپس کیا جائے گا۔

ویجلینس کمیٹیاں۔
Vigilance Committees

۹۔ حکومت ایسے اختیارات ڈپٹی کمشنر کو سونپ سکتی ہے اور ایسی ذمہ داریاں عائد کر سکتی ہے جو اس ایکٹ کی گنجائش پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے ضروری سمجھے اور ڈپٹی کمشنر اپنے ماتحت کو عملدار مقرر کر سکتا ہے، تمام یا کچھ اختیار استعمال کرنے کے لئے اور تمام یا کچھ ذمہ داریاں نبھانے کے لئے، جو اسے سونپی گئی ہیں یا اس پر عائد کی گئی ہیں اور مقامی حدود بیان کر سکتا ہے، جہاں ایسا عملدار اپنے اختیارات استعمال کرے گا اور ذمہ داریاں سرانجام دے گا۔

جرائم کی مجسٹریٹ سماعت کرے گا۔
Offences to be tried by the Magistrate

جرائم کا ازالہ
Cognizance of Offences

۱۰۔ (1) حکومت کی طرف سے دفعہ ۹ کے تحت بااختیار بنائے گئے ڈپٹی کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کی طرف سے اس دفعہ کے تحت مقرر کیا گیا عملدار اتنا بااختیار ہوگا، کہ آزاد کیئے گئے بانڈیڈ مزدور کو معاشی تحفظ اور فائدہ پہنچائے گا، تا کہ اس طرح اسے دوبارہ بانڈیڈ قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے یا کوئی سبب نہ ہو۔

(۲) یہ ہر ڈپٹی کمشنر اور اس کی طرف سے ذیلی دفعہ ۹ کے تحت مقرر کردہ عملدار کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ جانچ کریں اس ایکٹ کی شروعات کے بعد کوئی بانڈیڈ لیبر سسٹم یا کوئی دوسری جبری مزدوری کی قسم کسی شخص کی طرف سے، یا اسکے دائرہ اختیار میں آنیوالی مقامی حدود میں کسی رہائشی کی طرف سے کرایا گیا ہو اور اگر ایسی جانچ کے نیتجے میں، کوئی شخص بانڈیڈ لیبر سسٹم عائد کرتے ملے یا کسی بھی قسم کی جبری مزدوری کا پتہ چلے وہ فوری طور ایسا قدم اٹھائے گا جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت ضروری ہو۔

کمپنیوں کی طرف سے جرم
Offences by companies

11۔ جو اس ایکٹ کی شروعات کے بعد کسی شخص کو بانڈیڈ لیبر کے لئے مجبور کرتا ہے تو وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا جو دو سال کے عرصے سے کم نہیں ہوگی اور پانچ سال سے زائد نہیں ہوگی یا جرمانہ جو ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہوگا، یا دونوں ساتھ

نسلی امتیاز سے بچائو
Protection against discrimination

ضمانت
Indemnity

۱۲۔ جو بھی اس ایکٹ کی شروعات کے بعد زبردستی بانڈیڈ لیبر سسٹم کے تحت کسی شخص سے اس کے خاندان کے کسی فرد سے کسٹم، روایت، مشق، ٹھیکے، معاہدے یا دستاویز کے تحت کوئی خدمت حاصل کرتا ہے تو وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا جس کی مدت دو سال سے کم نہیں ہوگی یا جرمانہ جو ایک لاکھ روپے سے کم نہیں ہوگا، یا دونوں ساتھ اور جرمانہ اگر بازیاب کرایا جائے، بانڈیڈ مزدور کو ہر دن کے حساب سے کم از کم دو سو ساٹھ روپے دیئے جائیں گے، جتنے دن اس سے بانڈیڈ مزدوری کرائی گئی ہو۔

دائرہ اختیار پر پابندی
Bar of Jurisdiction

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

۱۳۔ جس کو بھی اس ایکٹ کے تحت کوئی جائیداد بانڈیڈ مزدور کی تحویل میں واپس کرنے کے لیئے کہا جائے، وہ انکار کرے یا ایسا کرنے میں ناکام ہوتا ہے، اس ایکٹ کی شروعات کے نوے دن کے اندر تو وہ قید کی سزا کا مستحق ہوگا، جس کی مدت ایک سال کے عرصے تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو دس ہزار تک بڑھ سکتا ہے اور پانچ ہزار سے کم نہیں ہوگا یا دونوں ساتھ، اور جرمانہ اگر بازیاب کرایا جائے، بانڈیڈ مزدور کو ایک سو روپے ہر دن کے عیوض دیئے جائیں گے، جس دوراں جائیداد کا قبضہ اسے واپس نہ کیا گیا ہو۔

۱۴۔ جو کوئی بھی اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم کرتا ہے، پھر چاہے وہ جرم پیسے لیکر کیا ہو یا نہیں، اسے وہی سزا دی جائے گی جو جرم کرنے کے حوالے سے بیان کی گئی ہے۔
وضاحت: اس دفعہ کے مقاصد کے لیئے ''ابٹمنٹ'' کو وہی معنیٰ حاصل ہے جو پاکستان پینل کوڈ (۱۸۶۰ کے ایکٹ XLV )میں دی گئی ہے۔

۱۵۔ (1) ویجلنس کمیٹیاں ضلعی سطح پر بیان کیئے گئےطریقے کے مطابق بنائی جائیں گی، جو علائقے کےمنتخب نمائندوں، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے نمائندوں، بار ایسویشنز، پریس، جانی مانی سوشل سروسز اور سندھ حکومت کے لیبر ڈیپارٹمنٹ کے نمائندوں پر مشتمل ہوں گی۔
(۲) ویجلنس کمیٹیوں کے مندرجہ ذیل کام ہونگے؛
(A) ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے قانون پر موثر عمل درآمد کے سلسلے میں مشورہ دینا اور یہ یقینی بنانا کہ آزاد کرائے گئے بانڈیڈ مزدورں کی بحالی کے سلسلے میں درست نمونے عمل درآمد ہو رہا ہے؛
(B) قانون کے تحت کام کرنے پر نگرانی؛ اور
(C) قانون کے تحت مقاصد حاصل کرنے کے لیئے

بانڈیڈ مزدوروں کو ایسی مدد فراہم کرنا جو ضروری ہو۔

۱٦۔ حکومت کی طرف سے اس سلسلے میں بااختیار بنائے گئے فرسٹ کلاس مجسٹریٹ اس ایکٹ کے تحت کسی جرم کی سماعت کر سکتا ہے۔

۱۷۔ اس ایکٹ کے تحت پر جرم قابل ازالہ اور قابل ضمانت ہوگا۔

۱۸۔ (1) جہاں اس ایکٹ کے تحت کوئی جرم کسی کمپنی کی طرف سے کیا گیا ہے، ہر وہ شخص جو جرم کے وقت انچارج تھا، اور کمپنی کے کام کاج کا ذمہ دار تھا، تو کمپنی بھی جرم کی ذمہ دار سمجھی جائے گی اور اس کے خلاف کاروائی ہو سکتی ہے اور اسے اس کے مطابق سزا دی جائے گی۔

(۲) جب تک کچھ ذیلی دفعہ (۱) میں شامل نہ ہو، جہاں اس ایکٹ کے تحت کمپنی کی طرف سے کوئی جرم کیا گیا ہے اور یہ ثابت ہو چکا ہو کہ جرم کے سلسلے میں یہ کسی ڈائریکٹر، مینجر ، یا کسی دوسری کمپنی کے عملدار سے منسلک ہے ایسا ڈائریکٹر، مینجر، کسی دوسرے عملدار جرم کے جوابدار سمجھے جائیں گے اور وہ اس سلسلے میں کاروائی کرنا یا اس سلسلے میں قابل سزا ہوگا۔

وضاحت: اس دفعہ کے مقاصد کے لیئے:

(A) ’’کمپنی‘‘ سے مراد ایک باڈی کارپوریٹ اور جس میں شامل ہے ایک فرد یا دوسری کوئی افراد کی ایسوسیئیشن؛ اور

(B) ’’ڈائریکٹر‘‘ فرد کے سلسلے میں مطلب فرم میں ایک حصہ دار؛

۱۹۔ جنس مذہب، طبقہ، رنگ، ذات نسل، ملازمت میں بیک گرائونڈ، پروفیشنل ڈولپمنٹ اور کام میں برابر

اجرت کی بنیادوں پر کوئی تفریق نہیں ہوگی۔
۲۰۔ اس ایکٹ کے تحت اچھی نیت سے کچھ کیئے گئے یا کچھ کرنے کے ارادے پر حکومت یا حکومت کے کچھ عملداروں کے خلاف کوئی مقدمہ، کیس یا قانونی کاروائی نہیں ہوگی۔
۲۱۔ جب تک کچھ اس ایکٹ کے برعکس نہ ہو، کسی بھی عدالت کا کسی معاملے میں دائرہ اختیار نہیں ہوگا جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تحت ہو اور کسی بھی عدالت کی طرف سے اس ایکٹ کے تحت کچھ کرنا یا کچھ کرنے کا ارادہ رکھنا اس سلسلے میں کوئی فیصلہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
۲۲۔ حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**